نوٹس برائے توجہ دلاؤ

صوبائی اسمبلی کے جاری اجلاس میں درج ذیل توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرنے کا نوٹس دیتا ہوں،۔

توجہ دلاؤ نوٹس

میں وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم کی توجہ مفاد عامہ کے اس اہم معاملے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فاونڈیشن، محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم، خیبر پختونخوا کا ایک ذیلی ادارہ ہے جس کے متعلق حال ہی میں اخبارات میں ایسے بیانات شائع ہوئے ہیں جس کے مطابق سکول سے باہر بچوں کے لئے اقراء فروغ تعلیم سکیم کے تحت بذریعہ اووچر کروڑوں روپے کی غبن ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ گھوسٹ سکولوں کے نام پر بھی ایک خطیر رقم نکالی گئی ہے۔ ان بیانات کی روشنی میں حکومت نے انکوائری مقرر کرکے مینجنگ ڈائریکٹر کو معطل کر دیا ہے لیکن مذکورہ مینجنگ ڈائریکٹر نے محکمہ تعلیم کے اعلیٰ افسروں پر الزامات لگائے ہیں اور اُس نے یہ بھی الزام لگایا ہے کہ اس سکیم میں جتنی بھی بے قاعدگیاں اور غبن ہو رہی ہے اسکو مشیر تعلیم اور دیگر افسران کی اشیر باد حاصل ہے۔ لہٰذا اس معاملے کی طرف توجہ دی جائے کیونکہ اس سے محکمہ اور لوگوں میں بے چینی پائی جاتی ہے۔

ممبر انچارج

(خوشدل خان ایڈوکیٹ)

ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پخونخوا

(عنایت اللہ)

ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پخونخوا

CALL ATTENTION NOTICE

Session No. 6th

Notice No. 308

Received Time: 1:57

Received Date: 3/4/19

From Mr. خوشدل خان + عنایت اللہ MPA

Receiver Sign: